**A** | **1010**

# SAMAGRA SHIKSHA - KERALA
## SECOND TERMINAL EVALUATION 2019-20

STD : X | **First Language Part-1 (Urdu)** | Time : 1 ½ Hrs
Score : 40

**പൊതു നിർദേശങ്ങൾ**

- ആദ്യത്തെ 15 മിനിട്ട് ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കാനുള്ള സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
- 1 മുതൽ 4 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.
- 5 മുതൽ 8 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.
- 9 മുതൽ 15 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 5 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.
- 16 മുതൽ 21 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 4 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.

---

**1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔** **3x1=3**

1 مفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی ہے آن پر 1
دیتا ہے اپنی جان وہ ایک ایک نان پر
بتاؤ، اس شعر کا شاعر کون ہے؟ [علاّمہ اقبال، اکبر الہ آبادی، نظیر اکبر آبادی، محمد حسین آزاد]

2 نیچے چند ادیبوں کے نام ہیں۔ ان میں سے افسانہ نگاروں کے نام چن کر لکھیے۔ 1
[علی عبّاس حسینی، احسان دانش، علی سردار جعفری، پریم چند]

3 گروہ سے نامناسب لفظ چن کر لکھیے۔ [مضمون، ڈرامہ، نظم، افسانہ] 1

4 صحیح جملہ کون سا ہے؟ چن کر لکھیے۔ 1

a) ظفر علی آہستہ آہستہ چل رہی ہے۔ b) ظفر علی آہستہ آہستہ چل رہی ہیں۔

c) ظفر علی آہستہ آہستہ چل رہا ہے۔ d) ظفر علی آہستہ آہستہ چل رہے ہیں۔

**5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔** **3x2=6**

5 قوسین سے مناسب شاعر کا نام چن کر خانہ پورا کیجیے۔ 2

[ندا فاضلی، احسان دانش، سدرشن فاخر]

| | |
|---|---|
| ہر دھوپ میں چھاؤں سی ہر سر پہ دعاؤں سی<br>روتی ہوئی آنکھوں کی بھاشا کو جو پڑھتی تھی | ...................... |
| نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن<br>بڑی خوبصورت تھی وہ زندگانی | ...................... |

6 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملائیے۔ 2

| ب | الف |
|---|---|
| لیوٹالسٹائے | سوا سیر گیہوں |
| عبدالحلیم شرر | انڈا ہے یا دانہ |
| نظیر اکبر آبادی | نہ دھوپ سے پریشان |
| پریم چند | ستاتی ہے مفلسی |

7 مناسب کرداروں کے نام چن کر خانہ بھریے۔ 2

| | | |
|---|---|---|
| (منّی، رحمت، امرتا دیوی، جھودپور کا راجا) | | |
| a | بابو جی! منّی جیسی میری بھی بیٹی ہے، اس لیے میں اس کے لیے میوہ لاتا تھا۔ میں یہاں سودا بیچنے نہیں آتا تھا۔ | ............ |
| b | اے بھگوان! اب ہم کیا کریں! کہاں جائیں! انہیں پیڑ پودوں کی وجہ سے ہماری گاؤں زندہ ہے۔ | ............ |

8 مناسب لفظ چن کر گروہ پورا کیجیے۔ [لکشمی، نظم، ڈرامہ، شنکر] 2

| | | | |
|---|---|---|---|
| a | محنت رنگ لائی | ................ | آپ بیتی |
| b | عقلمند مچھیرا | بادشاہ سلامت | .................. |

**9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی پانچ کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ 5x3=15**

9 ان ہاتھوں کی تعظیم کرو ان ہاتھوں کی تکریم کرو 3

دنیا کے چلانے والے ہیں ان ہاتھوں کو تسلیم کرو

یہ شعر 'نظم ہاتھوں کا ترانہ' سے لیا گیا ہے۔ اس میں شاعر مزدوروں کی اہمیت کے بارے میں بیان کرتا ہے۔

a) بچّو، اس نظم کا شاعر کون ہے؟

b) دنیا کی ترقی میں مزدوروں کا بڑا ہاتھ ہے۔ بچّو، محنت مزدوری کی اہمیت پر اپنے خیالات لکھیے۔

10 'سوا سیر گیہوں' افسانے میں کسانوں کے مسائل کے بارے میں چرچا کرتا ہے۔ 3

a) بچّو، اس افسانے کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

11 فضا ویران ہے گرمی کی شدّت ہے زمانے میں

مگر مصروف ہیں بیچارے دہقان ہل چلانے میں 3

a) بچّو اس شعر میں لفظ 'دہقان' سے کون مراد ہے ؟ [سپاہی، دکاندار، کسان]

b) موجودہ زمانے میں کسان لوگ کیا کیا مسائل کا سامنا کر رہے ہیں ؟ شعر کی روشنی میں اپنے خیالات واضح کیجیے۔

12 عبارت پڑھ کر اشاروں کی مدد سے تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

میرے شوہر کے انتقال کے وقت ساجن کی عمر آٹھ سال اور مالتی کی عمر پانچ سال کی تھی۔ ہم گاؤں میں کھیت کے کنارے ایک جھونپڑی میں رہا کرتے تھے۔ زندگی گزارنے کے لیے محنت مزدوری کرنی پڑی۔ مختلف گھروں میں کام کرتی اور ساتھ ساتھ دکانوں اور گلی کوچوں کی صفائی بھی کرتی رہی۔

[اشارے : کون، کتنا، کہاں، کیسے، کیوں]

13 آج کل ہمارے گاؤں اور شہر دن بدن بدلتے جا رہے ہیں۔ 3

بچّو، آپ کے گاؤں یا شہر میں کیا کیا تبدیلیاں آچکی ہیں۔ ایک نوٹ تیار کیجیے۔

14 کھجری کے پیڑ کی حفاظت کے لیے امرتا دیوی نے اپنی جان قربان کر دی۔ 3

بچّو، پیڑ کاٹنے سے ہماری زندگی اور فطرت کو کیا کیا نقصانات پیش آتی ہیں ؟ اپنے خیالات لکھیے۔

15 گووند ایک محنتی کسان ہے۔ وہ بڑھاپے میں بھی تندرست ہے۔ 3

بچّو، اگر آپ کو ان سے ملنے کا موقع ملا تو کیا کیا پوچھیں گے۔ گووند سے انٹرویو کرنے کے لیے تین سوالات تیار کیجیے۔

**16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔ 4x4=16**

16 منّی کی شادی کے بعد رحمت ہندوستان چھوڑ کر اپنا وطن کابول گیا۔ ابّا جان کو دیکھ کر اس کی بیٹی دوڑ کر سامنے آئی اور گلے لگا کر پوچھنے لگی۔ 4

بیٹی : ابّا جان ! اتنے سال آپ کہاں گئے تھے۔۔۔۔؟

بچّو، رحمت اور بیٹی کی گفتگو آگے بڑھایئے۔

17 ڈراما 'عقلمند مچھیرا' رشوت خوری' استحصال جیسی سماجی برائیوں کے خلاف آواز اٹھاتی ہے۔ 4

a) بچّو، اس ڈرامے کا پسندیدہ دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b) اس ڈرامے کے بارے میں آپ کی رائے کیا ہے ؟ لکھیے۔

18 اشاروں کی مدد سے پریم چند کے بارے میں ایک سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

منشی پریم چند

| | | |
|---|---|---|
| شہرت | : | افسانہ نگار اور ناول نگار |
| پیدائش | : | ۳۱/جولائی ۱۸۸۰ء لمہی گاؤں میں |
| اصلی نام | : | دھنپت رائے |
| مشہور ناول | : | گؤدان، نرملا، میدانِ عمل وغیرہ |
| مشہور افسانے | : | کفن، دو بیل، منتر، سوا سیر گیہوں وغیرہ |
| انتقال | : | ۱۹۳۶ء |

19 انجلی کلکتہ سے اپنے دادا جان گووند کے پاس آئی۔ گاؤں کی خوبصورتی اور کھیتی باڑی دیکھ کر وہ بہت خوش ہوئی۔ گاؤں کی ساری باتیں بتاتے ہوئے رات کو اپنی سہیلی یاسمن کے نام خط لکھنے بیٹھی۔ 4

بچو، یاسمن کے نام انجلی کا خط تیار کیجیے۔ [اشارے: آداب والقاب، تاریخ، مقام، موضوع]

20 ۵/جون، ماحولیات کا دن آپ کے اسکول میں ایک سیمینار ہونے والا ہے۔ 'حیاتیاتی نظام کی حفاظت' سیمینار کا موضوع ہے۔ مشہور سماجی خدمت کار ڈاکٹر سلیم صاحب پروگرام کا افتتاح کریں گے۔ ہیڈ ماسٹر کمارن ماسٹر صدارت کی کرسی سجائیں گے۔ بچو، اس سیمینار کے لیے ایک پوسٹر تیار کیجیے۔ 4

[اشارے: عنوان، تاریخ، مقام، افتتاح، صدارت]

21 اشعار غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

بیماروں کے بستر پر سوتا تھا خدا اس کا
لاچاروں کے چہروں سے روتا تھا خدا اس کا
روشن تھی اندھیروں میں جو ماں کی صداؤں سی
وہ پیاس کے مندر میں برسات کی مورت تھی

a) یہ اشعار 'غریبوں کا مسیحا' نظم سے لیا گیا ہے۔ اس کا شاعر کون ہے؟

b) مدر تریسا 'غریبوں کا مسیحا' نام سے مشہور ہیں۔ کیوں؟ اشعار کی روشنی میں واضح کیجیے۔